# 03-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ ملک کی دفاعی برآمدات موجودہ 24 ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر سال 2029ء میں 50 ہزار کروڑ روپے تک پہنچیں گی۔

۲۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پر بھاکر نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے گزارش کی ہے کہ دفاعی اراضیات ریاستی حکومت کو منتقل کی جائے۔

۳۔کانگریس کے سینئر لیڈر راہول گاندھی کی جانب سے شروع کردہ ووٹ چور مہم کل سے ریاست میں شروع ہوگی۔

اور

۴۔ مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے خصوصی مہم کے تحت ملک بھر میں ای ویسٹ ری سائیکلنگ ڈرائیو کا آغاز کیا۔

PONNAM:

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ وحیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پر بھاکر نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے گزارش کی ہے کہ حیدرآباد اور سکندرآباد میں اہم انفرااسٹرکچر پروجیکٹ کیلئے دفاعی اراضیات ریاستی حکومت کو منتقل کی جائے۔ وزیر دفاع کو روانہ کردہ ایک مکتوب میں پونم پر بھاکر نے عوامی استعمال کیلئے بعض اراضیات کو حوالہ کرنے کی اصولی منظوری دینے پر مرکز کا شکریہ ادا کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ دفاعی اراضیات کے حصول سے جڑواں شہروں میں انفرااسٹرکچر کی بڑھتی ضروریات کی تکمیل میں مدد ہوگی اور شہریوں کو بہتر سہولیات پہنچائی جاسکیں گی۔ پونم پر بھاکر نے کنٹونمنٹ کی جانب سے تلنگانہ حکومت کو یوزر چارجس کے تقریباً ایک ہزار کروڑ روپے بقایہ ہے اورانہوں نے جلد اس رقم کی ادائیگی پر زور دیا۔

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایا کہ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقام پر بارش ہوئی ہے۔

ALAI BALAI

سالانہ سماجی وثقافتی پروگرام الائی بلائی کا 20 واں ایڈیشن آج نمائش میدان ناملی حیدرآباد میں بڑے پیمانے پر منعقد ہوا۔ الائی بلائی فاونڈیشن کی چیر پرسن بنڈارو وجیالکشمی نے اس ایونٹ کا انعقاد کیا۔ ہریانہ کے سابق گورنر بنڈارو دتا تریہ کی دختر وجیالکشمی نے مجاہدین آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور تلنگانہ کی ثقافتی ورثہ کو اجاگر کیا۔اس تقریب میں تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما، سابق صدر جمہوریہ ایم وینکیا نائیڈو، ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، سابق گورنر وجے ساگر راؤ، ریٹائرڈ چیف جسٹس آف انڈیا این وی رمنا، بی جے پی ایم پی کے لکشمن، تلنگانہ کانگریس کے ریاستی صدر مہیش کمار گوڑ، سی پی آئی لیڈر نارائنا، سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری کے سامبا شیوا راؤ، پروفیسر کودنڈا رام اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ دتا تریہ نے روایتی کھنڈوے سے مہمانوں کا استقبال کیا۔اس سال آپریشن سندور خاص توجہ کا مرکز رہا۔اس دوران میجر جنرل اجئے مشرا کو تہنیت پیش کی گئی۔اس موقع پر سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے ذات، مذہب اور طبقاتی بنیادوں پر تفریق پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اتحاد کی اہمیت پر زور دیا۔

YOUTH PROJECTS:

وزیراعظم نریندر مودی کل نئی دہلی سے 62 ہزار کروڑ روپے مالیت کے نوجوانوں کو ذہن میں رکھ کر شروع کردہ اقدامات کا آغاز کریں گے۔ ملک بھر میں ایک ہزار گورنمنٹ آئی ٹی آئیز کو اپ گریڈ کرنے کے

لئے وزیر اعظم PM-SETU لانچ کریں گے۔ وزیر اعظم کی ایک یوجنا کا بھی آغاز کریں گے جس میں پانچ لاکھ گریجوٹس کو دو سال تک کیلئے ماہانہ ایک ہزار روپے الاؤنس دیا جائے گا۔ ووکیشنل تعلیم اور موجودہ دور کے تقاضوں کے کورسس کی تعلیم کیلئے بہار میں جننائک کرپوری ٹھاکر اسکل یونیورسٹی کا بھی وزیر اعظم افتتاح کریں گے۔

CAMPAIGN

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے خصوصی مہم کے تحت ملک بھر میں ای ویسٹ ری سائیکلنگ ڈرائیو کا آغاز کیا۔ اس مہینہ کی 31 تاریخ تک یہ مہم جاری رہے گی۔ مرکزی وزارت کانکنی کے مطابق اس مہم کے دوران ای۔ ویسٹ جیسے کمپیوٹر، لیاب ٹاپ، پرنٹرس، ایل ای ڈی ڈسپلے، موبائل فونس اور دیگر الکٹرانک آلات کو منظّم طریقہ سے ٹھکانے لگایا جائے گا۔ مرکزی وزارت نے بتایا کہ اس پہل سے نیشنل کریٹکل منرلس کے مقاصد میں مدد ملے گی۔

MKB 11 YEARS

وزیر اعظم نریندر مودی کے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے آج 11 سال مکمل ہوئے ہیں۔ سال 2014ء میں آج ہی کے دن وجیئے دشمی کے موقع پر آکاش وانی پر من کی بات کا پہلا اپی سوڈ نشر کیا گیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے حال ہی میں پروگرام کے 126 ویں اپی سوڈ سے خطاب کیا تھا۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ من کی بات صرف ایک ریڈیو شو نہیں ہے بلکہ یہ سماجی وثقافتی تبدیلی کی علامت ہے جو ملک کے ہر گوشہ تک پہنچتا ہے۔

IAF - SINDOOR

چیف آف ایر اسٹاف ایر چیف مارشل امر پریت سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور کو ایسی لڑائی کے طور پر یاد رکھا جائے گا جس میں تیزی سے مقاصد کا حصول کیا گیا اور اس آپریشن نے پاکستان کو گھٹنوں پر لا دیا تھا۔ 93 ویں ایر فورس ڈے تقریبات کے ضمن میں نئی دہلی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران ایر چیف مارشل نے کہا کہ ہندوستان نے پاکستان کے مختلف اہداف کو نشانہ بنایا اور اس آپریشن کے دوران چار سے پانچ پاکستانی فائٹر جیٹس کو تباہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی مسلح افواج کو واضح ہدایات اور مینڈیٹ دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران ہندوستانی فضائیہ نے 9 میں سے 2 اہداف کو نشانہ بناتے ہوئے اس میں اہم کردار ادا کیا۔

Sound Byte

اس موقع پر فضائیہ کے سربراہ نے اس بات پر زور دیا کہ مستقبل قریب میں بھی جنگ کیلئے تیار رہنے کی ضرورت ہے۔

Sound Byte

CONGRESS:

کانگریس کے سینئر لیڈر راہول گاندھی کی جانب سے شروع کردہ ووٹ چور مہم اب ریاست میں بھی شروع کی جا رہی ہے۔ تلنگانہ کانگریس کی جانب سے کل سے اس مہم کا ریاست بھر میں آغاز کیا جائے گا۔ کانگریس کے ریاستی صدر کی حیثیت سے کامیابی کے ساتھ ایک سال کی تکمیل پر مہیش کمار گوڑ نے آکاش وانی سے خاص بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم کے دوران پارٹی کارکنان ریاست کے ہر منڈل اور ہر گاؤں جائیں گے اور بی جے پی کی جانب سے کی گئی مبینہ ووٹ چوری سے لوگوں کو واقف کروائیں گے اور کم از کم دس ووٹرس کی دستخط حاصل کریں گے۔ مہیش کمار نے الزام لگایا کہ بی جے پی نے تلنگانہ

میں بھی ووٹ چوری کرتے ہوئے پارلیمنٹ کی 8 سیٹیں جیتی ہیں۔

Sound Byte

اس موقع پر مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ریاست میں کانگریس کی جانب سے شروع کردہ فلاحی اسکیموں سے عوام خوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ فلاحی اسکیمیں ہر استفادہ کنندہ تک پہنچ رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر گاؤں میں 80 فیصد ایسے مستحق افراد ہیں جو ایک یا دیگر فلاحی اسکیم سے مستفید ہو رہے ہیں۔واضح رہے کہ ریاست میں اس مہینہ مجالس مقامی کے انتخابات ہوں گے۔

RAJNATH

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ ملک کی دفاعی برآمدات موجودہ 24 ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر سال 2029ء میں 50 ہزار کروڑ روپے تک پہنچیں گی۔انہوں نے کہا کہ ایک دہائی پہلے دفاعی برآمدات صرف 600 کروڑ روپے تھی۔وزیر دفاع نے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ دن دور نہیں جب ہندوستان دفاعی مصنوعات میں دنیا کیلئے فیکٹری بن جائے گا۔وزیر دفاع نے حیدرآباد میں تین روزہ جین انٹرنیشنل ٹریڈ آرگنائزیشن کی ایک نمائش کا افتتاح کیا۔اس دوران مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ دفاعی شعبہ خود انحصاری کے مقصد کے حصول کے ساتھ آتمانربھر بھارت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ میک اِن انڈیا پروگرام نے اس بات کو ممکن بنایا کہ دفاعی نظام میں گھریلو پرزرے استعمال کئے جا رہے ہیں اور تیجس لائٹ کمبائٹ ایرکرافٹ میں 64 فیصد اجزا ہندوستان میں بنے ہیں۔وزیر دفاع نے اس موقع پر جین کمیونٹی کی تعریف کی اور کہا کہ یہ طبقہ سخت محنت ،قربانی ،لگن اور ملک کے تئیں جذبہ کے ساتھ ہر شعبہ میں اپنی مہارت پیش کرتا ہے۔اس سے قبل مرکزی وزیر کشن ریڈی نے سال 2047ء تک ہندوستان کو ترقی یافتہ بنانے کے حکومتی اقدامات میں اپنا رول ادا کرنے کی جین کمیونٹی سے اپیل کی۔

ROB

حیدرآباد کے فلک نما پیالس کے قریب روڈ اوور برتج کوٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے۔حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے اس برتج کا افتتاح کیا۔امید کی جارہی ہے کہ چارمینار۔فلک نما روڈ پر ٹرافک کے مسائل میں کمی آئے گی۔52 کرروڑروپے کی لاگت سے یہ 360 لیٹرلمبا برج تعمیر کیا گیا ہے۔ایم آئی ایم کے صدروحیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی ،راجیہ سبھاممبرانیل کماریادو، ارکان اسمبلی محمدمبین،میرذوالفقارعلی اوردیگرلیڈران اس موقع پرموجودتھے۔